سفارشات

کروناسے متاثرہ دنیامیں آج عالمی یوم خواتین مناتے ہوئے ورکنگ ویمن ویلفئر ٹرسٹ کی خواتین کانفرنس سفارش کرتی ہے کہ

1۔ کروناکے دوران کے کامیاب تجربے کی روشنی میں خواتین ورکرز کے لئے ورک فرام ہوم کی سہولت کو اختیار کرنے کے معاملے میں خصوصی قانون سازی کی جائے جس میں فریقین کو قانونی اور اخلاقی حدود کے مطابق اپنی زمہ داریاں اداکرنے کااختیار حاصل ہو

2۔ کرونا کی وجہ سے تنخواہوں میں ہونے والی کٹوتیوں کو فوری واپس لیاجائے

3۔ عمومی جائزہ رپورٹس نے ثابت کیا کہ عالمی وبا کے دوران مشترکہ خاندانی نظام میں رہنے والے افرادنے بیماری اور وبا کے نتیجے میں پیداہونے والے مسائل سے مقابلتا بہتر انداز میں سامنا کیااور بہت سے مسائل سے بچے رہے چنانچہ یہ کانفرنس سفارش کرتی ہے کہ عظیم تر معاشرتی ادارے "خاندان" کے استحکام اور بقاکے لئے ملازمتوں کے اوقات کار اور شرائط ملازمت کو خاندان دوست بنایاجائے

4۔ وزارت بہبود خواتین اور تمام چیمبرز آف کامرس کے تحت چھوٹے پیمانے پر کاروبار کرنے والی خواتین کو مارکیٹنگ اور کاروبار کی سہولت فراہم کرنے کے لئے خصوصی پروگرام ترتیب دئے جائیں

5۔ مذکورہ وزارت اور چیمبرز ایسے ای پورٹلز تشکیل دیں جن پر ان خواتین کی تیار کردہ مصنوعات اور فراہم کردہ سروسز کی جانچ اور مارکیٹنگ کی سہولت فراہم کی جائے

6۔ دفاتر اور پروڈکشن یونٹس میں حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق ماحول کی فراہمی کو یقینی بنایاجائے۔

7۔ کروناویکسین کی فراہمی میں ترجیحا فرنٹ لائن ورکرز اور بزرگوں کے بعد فیکٹریز اور دیگر اداروں میں کام کرنے والی خواتین کو ترجیح دی جائے۔

8۔ مہنگائی پر قابو پانے کے لئے اشیاء ضرورت کی قیمتوں کو جامد کر دیاجائے اور مصنوعی گرانفروشی اور قلت کو سختی سے روکاجائے۔

9۔ بجلی، گیس کے نرخ میں اضافے کرنے کے بجائے دوسال کے لئے سبسیڈی دی جائے، رہائشی مکانوں کے کرایوں میں ہوشربا اضافے کو روکنے کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں

10۔ تعلیمی نظام کو بحال رکھنے کے لئے آن لائن کلاسز کا متبادل تلاش کیاجائے تاکہ ورکنگ اور کم آمدنی اور وسائل والی ماؤں کے لئے بھی اپنے بچوں کی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھنا ممکن ہو۔

11۔ خواتین ورکرز کو محفوظ اور باسہولت ٹرانسپورٹ فراہم کی جائے۔